7501 ـ ماہواری کے ایام کے علاوہ خارج ہونے والے خون کا حکم

سوال

ماہواری کے ایام کے علاوہ کسی اور ایام میں آنے والے خون کا حکم کیا ہے، مجھے ہر ماہ نو یوم ماہواری آتی ہے، لیکن بعض اوقات ماہواری کے ایام کے علاوہ ایك یا دو روز تك خون آتا ہے لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے، کیا اس دوران مجھ پر نماز روزہ کی پابندی کرنا ضروری ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ماہواری کے ایام سے زائد خون رگ کا خون ہے اسے حیض شمار نہیں کیا جائیگا، اس لیے جو عورت اپنی ماہواری کے ایام جانتی ہو وہ ماہواری کے ایام میں نماز روزہ ترك کرے گی، اور نہ ہی قرآن مجید کو چھوئےگی، اور نہ ہی اس کا خاوند اس کے ساتھ جماع کرےگا.

اور جب وہ پاك صاف ہو جائے اور اس کے ماہواری کے ایام گزر جائیں اور وہ غسل کر لے تو وہ پاك صاف عورتوں کے حکم میں ہوگی، چاہے بعد میں اسے خون یا زردی مائل یا گندہ پانی آئے تو اسے استحاضہ شمار کیا جائیگا جو نماز روزہ کی ادائیگی میں مانع نہیں.